فلمستان لمیٹڈ کا تیار کردہ

ناگن

नागिन

اداکاران
وجینتی مالا - پردیپ کمار
مبارک - جیون -
وغیرہ وغیرہ

Music By Hemant Kumar

گیت: راجندر کرشن

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

ناگن کے گانے

گانا نمبر ۱

من ڈولے میرا تن ڈولے میرے دل کا گیا قرار رے — لتا

یہ کون بجائے بانسریا

مدھم مدھم سپنوں میں دیکھی میں نے راہ نویلی

نور چلی میں لاج کا پہرہ جانے کہاں اکیلی

بن گھومے من یوں بولے جیسے ٹھنڈی پڑے پھوار رے

یہ کون......

قدم قدم پر رنگ سنہرا کس نے بکھرایا

ناگن کا من بس کرنے یہ کون سپیرا آیا

رگ ڈولے من یوں بولے تیرا ہو کے رہا ستمگار رے

یہ کون......

گانا نمبر ۲ — سن ری سکھی موہے سجنا بلائے — لتا

موہے جانا ہے پی کی نگریا

چن چن بگیا سے لا دو ری چمیلیا

کلیوں سے میری سجاؤ ری ڈولیا

گجرا لگاؤ ماتھے بندیا سجاؤ

موری رنگ دو گلابی چنریا

موہے جانا......

بنسی کی دھن میں بلائے موہے چھلیا

لا دو ری کہاں ہے نگوڑی پایلیا

مانگ بھر دو مت دیر کرو

کہیں روٹھ نہ جائے سانوریا
ڈوبتے جانا...

گانا نمبر ۳:۔ جادوگرتیاں چھوڑو میری بتیاں — لتا
ہوگئی آدھی رات اب گھر جانے دو
بھیکا بھیکا کہرا ٹوٹا ہوا گہرا کہدے کا ساری بات — اب گھر...
جانے دے اور رستا میرے من بسیا گاؤں میرا بڑی دور ہے
تیرا نگر پار کر نہ سکوں گی ۔ میرا مجبور ہے
زنجیر پڑی میرے ہاتھ
اب گھر
جھکی جھکی اکھیاں دیکھیں گی ساری سکھیاں
دیویں گی طعنہ تیرے نام کا
ایسے میں مت روک بیدردی
رے رے سجن کل شام کا
کل ہوں گے پھر ہم ساتھ — اب گھر...

گانا نمبر ۴
اری چھوڑ دے سجنیا چھوڑ دے پتنگ میری چھوڑ دے
ایسے چھوڑوں نہ بلم بیتوا کی ڈور پہلے جوڑ دے — ہیمنت کمار ۔ ۔
ارمانوں کا مانجھا لاگا لگی پیار سے ڈوری — لتا
تیرے محلے اوپر تے اڑنے آئی چوری چوری
میری دنیا کہیں نہ توڑ دے پتنگ
چھوڑ دے ...
ارمانوں کی ڈوری لوٹے کھڑے ہیں دنیا والے

دیکھ کہیں پھولوں سے چبھ نہ جائیں کانٹے والے
پھر ننھی کلیاں ہیں ـــ چھوڑ دے ...
دیکھ چنچل سنگ یہ ہوا کے بل کھاتی اٹھلاتی
پھیر کے جگ کا سینہ گیت پیار کے گاتی
بے بس ہیں انجانے جو کاٹے ڈور یہ سامنے آئے نا
پھر میری اٹریا پہ چھوڑ دے پتنگ
چھوڑ دے ...

نانا بنسی:۔ کاشی دیکھی متھرا دیکھی دیکھے تیرتھ سارے — ہیمنت لتا
کہیں نہ من کا میت ملا تو آیا تیرے دوارے
تیرے دوار کھڑا اک جوگی
نہ مانگے یہ سونا چاندی مانگے درشن دیوی
تیرے چرن آ پائیں بن لگن لایا
انکھیوں میں درشن پیاس
پریت کی بھکشا دیدے پریم کی بھکشا مانگ رہا یہ داس
نہ مانگے ...
دنیا سے ناطہ موڑا تیرے لئے جگ چھوڑا چھوڑ دیا گھر بار
نہ مانگے ...
نہیں جانا میں نے تجھے دیوی مانا میں نے سن لے میری پکار
نہ مانگے ...

گانا ۷

حسینوں مجھ سے مت پوچھو کہ کیا بیچتا ہوں میں — ہیمنت کمار
چھپا کر جو لکیروں میں دل کی دنیا بیچتا ہوں میں

یاد رکھنا پیار کی نشانی گوری یاد رکھنا
آ یاد رکھنا دل پردیسی کا آ یاد رکھنا
او کیسی گوری ریشمی کلائی رے
تیرے ہاتھ پردیسیا آ گئی رے
نظر للچائی رے ہاں ہاں جی للچائی رے
پکے ہاتھ یہ چھوڑ نہ دینا منہ موڑ نہ دینا
کہ دل میرا شاد رکھنا
پیار کی ......

گانا نمبر ۱۱ :۔ آجا میرا دل یہ پکارے آجا
میرے غم کے سہارے آجا
بھیگا بھیگا ہے سماں ایسے میں ہے تو کہاں میرا دل یہ پکارے
آجا ......
تو نہیں تو یہ رت یہ ہوا کیا کروں
دور تجھ سے میں رہ کے تنہا کیا کروں
سونا سونا ہے جہاں اب جاؤں میں کہاں بس اتنا مجھے سمجھا جا
آجا ...
آندھیاں وہ چلیں آشیاں لٹ گیا
پیار کا مسکراتا جہاں لٹ گیا
اک چھوٹی سی جھلک میرے مٹنے تلک او چاند میرے دکھلا جا
آجا ...
منہ چھپا کے میری زندگی رو رہی
دن ڈھلا بھی نہیں شام کیوں ہو رہی

تیری دُنیا سے ہم لیکے چلے تیرا غم دم بھر کیلئے تو آجا
آجا
گانا نمبر ۸:- زندگی کے دینے والے زندگی کے لینے والے
پریت میری چھین کے بتا تجھے کیا مِلا — ہیمنت کمار
کیا کرے دیپ جب بجھ گئی باتی بچھڑ گیا ساتھی
تو نے توڑی میری دنیا دیکے سہارا چھینا
لاج تجھے کیوں نہ آئی
چین میرا لوٹ کے بتا تجھے کیا مِلا ... زندگی ...
مَیں نے کب توڑے بھلا چاند اور تارے تیرے
پھر کیوں بجھائے تو نے دِل کے اُجارے میرے
تجھے میری جان دیدے پریت کو یہ دان دیدے
کھوئے ہوئے میرے پران دیدے
دِل میرا لوٹ کے بتا تجھے کیا مِلا — زندگی ...
گانا نمبر ۹:- سُن رسیا کاہے کو جلائے پیا آنا — لتا
لکھ لکھ ہاری بلم تو سے پتیاں
تجھ بن کیسے بتاؤں کالی رتیاں — سُن ...
کب سچ ہو گا سجن میرا سپنا
پیا تم آکے کہو گے موہے اپنا — سُن ...
گانا نمبر ۱۰:- میرا بدلی میں چھپ گیا چاند رے — لتا
کہاں ڈھونڈے مَین مورے سانورے
آجا آجا او سانورے
دُنیا نے توڑ دیئے سپنے سہانے

رو رو کے یاد کریں گزرے زمانے
آجا آجا پیا میرا انڑپے جیا
میرے جیون کی ہونے لگی شام رے .... آجا جا...

گانا نمبر ۱۱

لتا
تیری یاد میں جل کر دیکھ لیا
اب آگ میں جل کر دیکھیں گے
اس راہ میں اپنی موت سہی
یہ راہ بھی چل کر دیکھیں گے
دیپک کی چمک میں آگ ہی ہے
دنیا نے کہا پروانوں سے
پروانے مگر یہ کہنے لگے
دیوانے تو جل کر دیکھیں گے

گانا نمبر ۱۲

لتا
اونچی اونچی دنیا کی دیواریں سیاں توڑ کے
بن آئی رے تیرے لئے سارا جگ چھوڑ کے
یار ملا دلدار ملا تجھے ایک نیا سنسار ملا
جھومتی بہار آئی دل کو قرار ملا
جانے نہ دونگی سکھ موڑ کے جی چھوڑ کے ــــ بن آئی...
رات کی ہر بات نئی ہے تاروں کی بارات نئی
ایک نئی دنیا میں کوئی ہے ملاقات نئی
بن آئی ...... جانے نہ دونگی ...

(ختم شد)